**Q. 7. Translate the following into English by keeping in view figurative/idiomatic expressions. (10)**

جب فلسطین کا خود ساختہ تنازعہ تصفیہ کیلئے اقوام متحدہ کے روبرو پیش ہوا تو اس نمائندہ عالمی
ادارے نے فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کو تسلیم کرتے ہوئے ان مسائل کے حل کا فارمولا بھی خود طے
کیا تنازعہ فلسطین کا دو ریاستی حل تجویز کیا گیا مگر اس کیلئے منظور ہونیوالی اقوام متحدہ کی قراردادوں پر
گزشتہ سات دہائیوں میں عملدرآمد کی نوبت ہی نہیں آنے دی گئی اسکے برعکس امریکہ کی ایماء پر اسرائیلی
فوجیں آج کے دن تک نہتے اور بے گناہ معصوم فلسطینیوں کے خون سے ہولی کھیل رہی ہیں اور غزہ کا
علاقہ گزشتہ اڑھائی ماہ سے جاری جنگ میں مکمل طور پر برباد ہو چکا ہے۔ اس جنگ میں امریکی کمک کے
ساتھ اسرائیلی فوجوں نے 20 ہزار سے زائد فلسطینیوں بشمول خواتین اور بچوں کو بے دردی سے شہید کیا
ہے اور زندہ بچ جانے والے انسانوں کیلئے کوئی ٹھکانہ محفوظ نہیں رہنے دیا جو اب خوراک اور ادویات کی
کمیابی کے باعث بھی زندگی سے ہاتھ دھو رہے ہیں

*************

CamScanner

- Translation into English.

When the self-crafted conflict in Palestine came before the united nations for resolution. The representative national organization recognized the right of the palestanian people to self-determination and also proposed a formula for resolving the conflict. The two-state solution was proposed, but the UN resolutions passed for its approval have not be implemented in the past seven decades. In contrast, at the behest of the United States, Israeli forces continue to play with blood spatter of innocent and unarmed Palestinians to this day, and the Gaza strip has been completely destroyed in the ongoing war for the past two and a half months. In this war, Israeli forces with American assistance, have mercilessly martyred more than 20,000 Palestinians, including women and children. and have left no space for the survivors, who are now also losing their lives due to shortage of food and medicine.

Scanned with CamScanner

CS CamScanner